Text of Mid-Day Urdu News Bulletin

Time : 12:30/12:35 PM

Date : 07-07-2026

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں طارق احمد

وزیراعظم جکارتا

وزیراعظم نریندر مودی نے جکارتا میں انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto کے ساتھ صدارتی محل میں دوطرفہ ملاقات کی۔دونوں لیڈران نے باہمی دلچسپی کے کئی معاملات پر تبادلہ

---

خیال کیا۔ اس موقعے پر دونوں ممالک کے مابین مختلف شعبوں میں شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے مفاہمت نامے طے کئے گئے۔ اس سے قبل صدارتی محل میں وزیراعظم کا شاندار استقبال کیا گیا۔

وزیراعظم انڈونیشیا کے پارلیمنٹ کا دورہ کریں گے اور دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی اہمیت کو اُجاگر کریں گے۔

ایل جی منشیات

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے خواتین میں منشیات کے بڑھتے استعمال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کل لوک بھون سرینگر میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اس چلینج سے نمٹنے کیلئے جامع لائحہ عمل ترتیب دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

منوج سنہا نے اس بدعت کی بنیادی وجوہات کا پتہ لگانے کی تاکید کی تاکہ اس کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جاسکے۔

مٹن ڈیلرس

جموں وکشمیر مٹن ڈیلرس ایسوسی ایشن کا ایک وفد وزیراعلیٰ عمرعبداللہ کے ساتھ ملاقی ہوا۔ ملاقات کے دوران وفدنے انہیں پنجاب میں لائیو سٹاک لانے والی گاڑیوں کی نقل وحمل میں درپیش مشکلات سے آگاہ کیا۔

وفد نے وزیراعلیٰ سے اس بارے میں اُن کی ذاتی مداخلت طلب کی۔ وزیراعلیٰ نے وفد کو یقین دلایا کہ حکومت اس مسئلے کو حل کرنے کیلئے نیز تاجروں اور صارفین کے مفادات کے تحفظ کیلئے پُرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے سینئر افسران پر مشتمل ایک وفد جلد ہی پنجاب کا دورہ کرے گاتاکہ تمام مسائل کا حل تلاش کیا جاسکے۔

جاوید ڈار

مختلف علاقوں سے آئے کئی عوامی وفود نے کل زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار کے ساتھ سیول سیکریٹریٹ سرینگر میں ملاقات کی۔ وفود نے اپنے مطالبات اور ترقیاتی ضروریات وزیرکی دانست میں لائے۔

جاوید احمد ڈار نے عوامی مسائل کا جائزہ لینے کی متعلقہ افسران کو ہدایات دیں تاکہ ان کا ازالہ ممکن بنایاجاسکے۔انہوں نے کہا کہ لوگوں کی راحت رسانی سرکار کی ترجیحات میں شامل ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سال2026-27کیلئے ڈیزاسٹر منیجمنٹ فریم ورک کے تحت تشکیل دی گئی سٹیٹ ایگزیکیٹیو کمیٹی کی دوسری میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے آفات سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کے لئے ترتیب دئیے گئے منصوبوں کا جائزہ لیا۔

کمیٹی نے جموں وکشمیر میں 2025کے دوران پیش آئی قدرتی آفات کے نتیجے میں عوامی املاک کو ہوئے نقصانات کی بھرپائی کیلئے 7ارب 51کروڑ 46لاکھ روپے کی رقم کو منظوری دی ۔

امرناتھ

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا دونوں راستوں پہلگام اور بال تل سے خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔ یاترا کے پہلے 4دنوں کے دوران لگ بھگ79ہزاریاتریوں نے پوتر گپھامیں شیو لنگم کے درشن کئے۔

دریں اثناءآج صبح10تک 6 ہزار745یاتریوں نے گپھا پر حاضری دیکر شیولنگم کے درشن کئے۔

یاترا قافلہ

جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح8ہزار815 یاتریوںپر مشتمل ایک اور قافلہ وادی کیلئے روانہ ہوا۔ اُن میں سے 3ہزار 989یاتری بالتل جبکہ 4ہزار826 یاتری پہلگام کے راستے شری امرناتھ جی گپھا پہنچ رہے ہیں۔

یہ یاتری سخت سیکورٹی انتظامات کے بیچ 363چھوٹی بڑی گاڑیونمیں جموں سے سرینگر کا سفر کررہے ہیں۔

ایڈوائزری

عدالتِ عظمیٰ کی ہدایات کے مطابق اس سال شری امرناتھ جی یاترا پر آنے والے یاتریوں کی زیادہ سے زیادہ روزانہ تعداد طے کی گئی ہے۔

جن شردھالوؤں نے ایڈوانس رجسٹریشن نہیں کرائی ہے ان سے کہا گیا ہے کہ وہ تتکال سہولت سے استفادہ کرکے اپنی رجسٹریشن کرنے کے بعد ہی جموں وکشمیر پہنچ جائیں۔

ایک سرکاری بیان میں بغیر رجسٹریشن کے جموں وکشمیر پہنچے سبھی یاتریوں کو اپنی باری کا انتظار کرنے اور انتظامیہ کی طرف سے مقرر کی گئی تاریخ پر یاترا شروع کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

CDF

جموں وکشمیر حکومت نے کانسٹی چیونسی ڈیولپمنٹ فنڈ کے تصرف کیلئے ضوابط میں ترمیم کی ہے۔ اس سلسلے میں حکومت کی جانب سے جاری کردہ حکمنامے کے مطابق ممبران اسمبلی کو مہلک بیماریوں میں مبتلا مستحق مریضوں کیلئے ایک سال میں 20لاکھ روپے تک خرچ کرنے کا اختیار دیاگیاہے۔

حکمنامے میں مستحق مریضوں کیلئے شرائط وضع کئے گئے ہینجنہیں پورا کرنا لازمی ہوگا۔

آیوشمان بھارت

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ ایک ارب چار کروڑ ہیلتھ ریکارڈ س کو93کروڑ آیوشمان بھارت ہیلتھ اکاؤنٹس کے ساتھ جوڑا گیاہے۔

اس پہل کو ڈیجیٹل پبلک ہیلتھ نظام کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت مانا جارہا ہے۔ اس نظام کی بدولت مریضوں کو ڈیجیٹل ہیلتھ خدمات ایک ہی پلیٹ فارم پر دستیاب ہورہی ہیں۔

فٹبال

سرینگر میں حالیہ دنوں منعقد کی گئے پہلی کشمیر چیمپئنز فٹبال لیگ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔ اس کھیل سرگرمی کی کامیابی نے جموں وکشمیر کی کھیل شعبے کی تاریخ میں ایک نیا باب رقم کیا ہے۔

سپورٹس کونسل کے اہتمام سے منعقد کی گئی اس لیگ کی بدولت کشمیر خطے کی سبھی اضلاع کی فٹبال ٹیموں کو آپس میں مقابلہ کرنے کا موقع فراہم ہوا۔ لیگ کے دوران کئی دلچسپ مقابلے دیکھے گئے۔ سپورٹس کونسل کے ذمہ داروننے اس لیگ کی کامیابی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس سے ایک سالانہ سرگرمی مقرر کرنے کاارادہ ظاہر کیاہے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ